
دادیا فلمز لمیٹیڈ کا پیشکردہ سبہت بڑی شاہکار



اداکاران :-
نگار - رحمان -
مینا کماری پیجے راج
مرزا مشرف - جلو بائی -
اور درگا کھوٹے وغیرہ

ڈائرکٹر - آر - ڈی ماتھر -

मगरूर

قیمت ۱ر

بھارت بک ایجنسی تھوک کتبخانہ نئی سڑک دہلی

اسٹوری:۔ چاندنی نے اپنی چاچی کے مرضی کے خلاف موتی جیسے مالدار اور شریف النسان کو ٹھکرا دیا ایک دن اپنی پیاری بلی کے پیچھے پیچھے درخت پر چڑھنا پڑا۔ وہاں پہنچکر بھگوان یاد آ گئے۔ اترا نہیں آیا۔ پانچ پیسے کا پرشاد بانٹنے کا وعدہ کیا۔ بھگوان نے سن لی۔ ایک خوبصورت نوجوان نے انہیں نیچے اتارا۔ بس پھر دل سے دل مل گیا۔ مگر تقدیر نے جس آسانی سے ملایا۔ اتنی ہی جلدی الگ کر دیا۔ باقی پردہ پر دیکھیے۔

مزدور کے گانے

(۱)

چاندنی:۔

ان پر یہ دل آ گیا اظہار کروں یا نہ کروں۔ یہ بھی ہوتا نہیں پیار کروں یا نہ کروں

لے گئے ایک نظر میں جو میرا صبر و قرار۔ پھر بھی ان سے نظر چار کروں یا نہ کروں

آنکھوں آنکھوں میں تو اقرار محبت کے ہوئے۔ باتوں باتوں میں بھی اقرار کروں یا نہ کروں

سامنے انکے نگاہیں میں اٹھا سکتی نہیں۔ خواب میں ان کا میں تو دیدار کروں یا نہ کروں

(۲)

چاندنی اور منوہر:۔

چاندنی:۔ تیرا مجھکو ستانا میرے جیا کو جلانا۔ باتوں باتوں میں بنانا مجھے یاد ہے۔

منوہر:۔ تیرا پیڑ پہ چڑھنا۔ تیرا انکھیاں جھکانا۔ میرا ہنسنا ہنسانا مجھے یاد ہے۔

چاندنی:۔ رہنے دیا جھوٹا میں پیڑ سے اتارا کیوں۔ منوہر:۔ بیٹھے تھے ہم بھی تم نے پکارا کیوں

چاندنی:۔ مزیدار وہ کھانا میری بلی کو کھلانا۔ مجھے دور سے ترسانا مجھے یاد ہے۔

تیرا مجھکو ستانا میرے جیا کو جلانا۔ باتوں باتوں میں بنانا مجھے یاد ہے

منوہر:۔ دیکھو جی دیکھو جی چڑیا جیسے بیٹھی تھی ڈال پر

تھوڑی تھوڑی شرم کی سرخی تھی گال پر

چاندنی:۔ اپنی باتوں سے لبھانا۔ مجھے جال میں پھنسانا۔ تیرا قابو میں آنا مجھے یاد ہے۔

تیرا جھبکر ستانا۔۔۔۔۔ ماتوں ماتوں۔۔۔۔۔۔۔

گھر میں بیٹھے بیٹھے تمہیں یاد کوئی آیا ہوگا۔ منوہر:۔ تم نے بھی تو پیار بھرا گیت کوئی گایا ہوگا

چاندنی:۔ کیا؟ منوہر:۔ یہی ان پہ یہ دل آ گیا۔ چاندنی ہوں۔

شکل تو دیکھئے اور اس پہ غلط فہمی یہ۔ ہم سے کہتے ہیں کہ اب پیار کروں یا نہ کروں

منوہر:۔ بھولو قصہ وہ پرانا۔ اب ہی دل تیرا دیوانہ۔۔ وہ تو اور تھا زمانہ

چاندنی:۔ مجھے یاد ہے۔ منوہر:۔ مجھے یاد ہے۔

دونوں:۔ تیرا جھبکر ستانا میرے جیا کو جلانا۔ ماتوں ماتوں۔۔۔۔۔۔۔

چاندنی:۔ جی مجھے یاد ہے۔ منوہر:۔ اب مجھے یاد ہے۔۔۔

(۳)

میئو:۔

ستمگر، ستمگر، ستمگر، ستمگر۔ میں کیسے ہوں یہ ستم او ستمگر۔

کوئی میرے دل میں اب تک سمایا۔ کوئی میری آنکھوں کو اب تک نہ بھایا

میرے من کے مندر میں کوئی نہ آیا۔ تیرے سامنے جھک گیا کیوں میرا سر

میں کیسے ہوں یہ ستم۔۔۔ کیا وار تیری نگاہوں نے دل پر

تیرے پاس آنے کو جی چاہتا ہے نگاہیں ملانے کو جی چاہتا ہے

محبت جتانے کو جی چاہتا ہے۔ نہ جانے مجھے کیا ہوا تجھ سے مل کر۔

میں کیسے ہوں یہ ستم او ستمگر۔۔ کیا وار تیری نگاہوں نے دلبر

میں اپنی خطاؤں پہ شرما رہی ہوں جدا ہو کے تجھ سے میں گھبرا رہی ہوں

میں دل میں امنگوں کو تڑپا رہی ہوں تجھے کیا ملا مجھ کو بیکل بنا کے۔

میں کیسے ہوں۔۔۔۔۔ کیا وار تیری نگاہوں نے دلبر

ستمگر۔ ستمگر۔۔۔۔

(۴)

ہمیں باغوں میں ساون کے نظارے یاد کرتے ہیں

جلے آؤ ہمیں آنسو ہمارے یاد کرتے ہیں۔

بہاریں جو جھجکتی ہیں میری جانا نہ ہوگی پتہ تیرا۔ چمن پھول جھک کر پیارے پیارے یاد کرتے ہیں

پپیہے پی کہاں کے گیت اکثر بھول جاتے ہیں

ہمیں رو رو کے جب ہم غم کے مارے یاد کرتے ہیں

وہی نظریں جنہیں تم نے کبھی اُلفت سکھائی تھی

انہیں معصوم نظروں کے اشارے یاد کرتے ہیں۔

(۵)

منیجر:۔ ہم تیرے دل کے بنگلے میں آنا مانگتا

آنا پھر آ کے نہیں جانا مانگتا

مینو:۔ ہم تو تم میروں سے پیچھا چھڑانا مانگتا۔

ہم تو جانا مانگتا۔ ہم تو جانا مانگتا۔۔۔

منیجر:۔ نہیں ہم تو تیرے دل کے بنگلے میں آنا مانگتا۔

مینو:۔ تیرے دل کے بنگلے میں ہستی ایک لگا دی ہے۔ ہم نے دو ہاتھ جوڑ کر کہہ دیا ہے دُہائی ہے

منیجر:۔ اس لگائی کو وہاں سے ہم بھگانا مانگتا۔ بھگانا مانگتا۔ ہم تو تیرے دل کے۔۔۔

مینو:۔ دیکھو مسٹر چارلی ہم بڑا غریب ہے۔ منیجر:۔ اپنا بنا لو ہمیں ہم بڑا عجیب ہے

مینو:۔ اے تیری جورو کے ہم ڈنڈے نہیں کھانا مانگتا۔ ہم تو جانا مانگتا۔ ہم تو۔۔۔

منیجر:۔ ہم تو تیرے دل کے۔۔۔۔۔۔

مینو:۔ کسی جھگڑے کی دیکھ کے کرو نہ میاؤں میاؤں

منیجر:۔ میرے دل کا جو راج رہا ہے کیسے اُسے سمجھاؤں

تیرے پریم کے پنجرے میں یہ تو آنا مانگتا ہے۔

اجی آنا پھر آ کے نہیں جانا مانگتا ہے۔

ہیروئی:۔ پلٹ۔ پلٹ۔ ارے پلٹ۔۔۔۔۔۔

بولو جی۔ بولو جی۔ بولو جی کون یہ لگائی ہے؟

سچ سچ کہو۔ سچ سچ کہو۔ کیوں یہاں آئی ہے۔

منیجر:۔ آگے آگے میں بھاگا۔ یہ پیچھے پیچھے آئی۔

مینو:۔ دیکھو جی پریم کی چٹھی اس نے ہے بھجوائی۔ بیوی:۔ اچھا یہ بات ہے!

اپنے میکے کو ہم ابھی جانا مانگتا۔ جانا چھوڑ کے نہیں آنا مانگتا

منیجر:۔ میرا جورو میرے بنگلہ سے جانا مانگتا۔ جانا چھوڑ کے نہیں آنا مانگتا۔

اب ہم تیرے دل سے گئے۔۔۔۔

مینو:۔ سن ری سکھی۔ سن ری سکھی۔ میکے گر تو جائیگی۔ پچھتائیگی۔

اس کے دل میں چھم چھم کرتی اور کوئی آجائیگی۔

جانے کس کس سے یہ نین لڑانا مانگتا۔ لڑانا مانگتا۔

منیجر:۔ او جانے والی ٹھہر ذرا مجھے تالے کی چابی دیتی جا۔

مینو:۔ محبت کا ترانہ دیکھنے والے بھائیو۔ گھر میں جب ہو ایک تو پھر دوسری مت لائیو

بیوی:۔ اجی بھول گئے۔۔ مینو:۔ دوسری مت لائیو۔

بیوی:۔ ورنہ! مینو:۔ ورنہ تم کو بھی ایسی سزا دلوانا مانگتا۔

منیجر:۔ باہر آنا مانگتا۔ ارے باہر آنا مانگتا

مینو:۔ نمستے جی نمستے۔ اب ہم چلنا مانگتا۔ بیوی:۔ جانا چھوڑ کے بیٹھنا مانگتا

ٹاٹا ٹاٹا

(۷) مینو:۔ ٹک ٹک ٹک ٹک۔ بولے او بولے۔ او بولے میرے دل کی گھڑی

یاد میں کسی کی ڈولے۔ او ڈولے۔ میرے دل کی گھڑی

کورس:۔ ٹک ٹک ٹک ٹک ٹک ٹک

ٹک ٹک ٹک ٹک بولے او بولے۔۔۔۔۔۔ یاد میں کسی کی۔۔۔۔۔۔

مینو:۔ جیسے کٹتے ہیں شام کے چار۔ راہ دیکھوں تمہاری کرکے سنگار

اور گاؤں دھیرے دھیرے میرے من کا پنچھی پیو پیو بولے
جھولے جھولے پریم ہنڈولے۔ ہنڈولے میرے دل کی گھڑی۔
کورس:۔ جھولے پریم ہنڈولے۔ ہنڈولے میرے دل کی گھڑی
ٹک ٹک ٹک ٹک بولے۔ اور بولے میرے دل کی گھڑی
مینو:۔ جب بجیں پانچ چھ سات۔ کیوں نہ ہوگی ان سے ملاقات
شام تو ہیں بھر بھر کٹ جائیگی۔ کیسے کٹے گی رات
کورس:۔ کیسے کٹیگی رات ؟
مینو:۔ ڈگمگ ڈگمگ ڈولے۔ او ڈولے میرے دل کی گھڑی
کورس:۔ ڈگمگ ڈولے۔ او ڈولے میرے دل کی گھڑی۔
ٹک ٹک ٹک ٹک۔ بولے۔ او بولے میرے دل کی گھڑی۔
مینو:۔ جب بجیں آٹھ نو دس۔ چھوٹا سا جیا ہو جائے بے بس
میں کہوں جو آئے پیا ان سے نہیں بولوں گی۔ کورس:۔ ان سے نہیں بولوں گی
مینو:۔ لاکھ منائیں گے نہ مانوں گی، روؤں گی۔ گھونگھٹ نہیں کھولوں گی۔
کورس:۔ گھونگھٹ نہیں کھولوں گی۔
مینو:۔ رک جائے نہ کسی سے بولے۔ او بولے میرے دل کی گھڑی
کورس:۔ رک جائے نہ کسی ....
ٹک ٹک ٹک ٹک۔ بولے او میرے دل کی گھڑی۔
مینو:۔ جب بجتے دھیرے دھیرے۔ کورس:۔ دھیرے دھیرے۔ مینو:۔ رات گیارہ۔ کورس:۔ رات گیارہ
مینو:۔ گگن سے جھلکے چندا پیارا۔ کورس:۔ چندا پیارا
مینو:۔ بچھڑے ہوئے پیا میرے آن ملیں دوبارہ۔ کورس:۔ بچھڑے ہوئے پیا..
مینو:۔ پیار کی باتیں بولے۔ او بولے میرے دل کی گھڑی۔ کورس:۔ پیار کی.....
ٹک ٹک ٹک ٹک بولے۔ او بولے میرے دل کی گھڑی..

(۷)

چاندنی:-
ایک خواب سہانا دیکھ لیا گیا۔ کھیل تھا چاند ستاروں کا
اب آکے دیکھ بیدردو ذرا کیا حال ہے پیار کے ماروں کا
بڑی بھول ہوئی جو تجھے پیار کیا۔ تیرے پیار کا کیوں اعتبار کیا
منہ موڑ کے یونہی جانا تھا۔ کیوں اپنا مجھے بنایا تھا
گر شوق رلانے کا تھا تجھے۔ کیوں ہنسنا مجھے سکھایا تھا۔ بڑی بھول ہوئی جو تجھے پیار کیا
یہ جینا بھی کوئی جینا ہے۔ تم دور ہو۔ میں دور رہوں
کیا پیار اسی کو کہتے ہیں۔ جو ملنے سے مجبور رہوں
کیوں وعدہ کیا توڑ دیا۔ اقرار کرکے انکار کیا۔ بڑی بھول ہوئی جو تجھے پیار کیا۔

(۸)

مینو:- ٹوٹ گیا ہائے ٹوٹ گیا۔ وہ ساز محبت ٹوٹ گیا
ہم جس کو سمجھتے تھے اپنا معلوم نہیں کیوں روٹھ گیا۔ ٹوٹ گیا...
چاندنی:- رنگین گھٹائیں چھائی تھیں۔ بدمست ہوائیں آئی تھیں۔
وہ کون خزاں کا جھونکا تھا۔ جو سارا گلشن لوٹ گیا۔ ٹوٹ گیا...
منوہر:- انجام محبت کیا کہیے۔ اس دل کی حالت کیا کہیے
اک بجلی تھی جو کوند گئی۔ اک تارہ تھا جو ٹوٹ گیا
مینو:- قسمت کے ستائے بیٹھے ہیں۔ منوہر:- اک چوٹ سی کھائے بیٹھے ہیں
چاندنی:- جو دامن ہم نے تھاما تھا۔ وہ دامن ہم سے چھوٹ گیا
کورس:- ٹوٹ گیا ہائے ٹوٹ گیا۔ وہ ساز محبت ٹوٹ گیا۔
ٹوٹ گیا ہائے ٹوٹ گیا۔۔۔

(ختم شد)

(مطبوعہ محبوب پریس دہلی)